وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون (الذّٰریٰت ۵۶)

میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔

کالے جادو کا
قرآنی علاج

ادارہ تصنیف و تالیف

خادم الفقراء محمد جاوید قادری

بفیضانِ نظر

سید محمد علی شاہ مدنی قادری

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (الذّٰریٰت ۵۶)

میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔

کالے جادو کا

قرآنی علاج

قرآن و سنت کے علاوہ جدید سائنسی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی اس کتاب میں جنات، بری خبیث روحوں بچھل پیری، شیاطین اور ہر قسم کے کالے جادو (سحر) آسیب سے مکمل بچاؤ کے لیے تیر بہدف مؤثر، مجرب عملیات و تعویزات شامل ہیں۔ آزمودہ اور مجرب ہیں

محمد جاوید قادری

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

جملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ ہیں

مصنف کی اجازت کے بغیر کسی بھی عمل یا نقش کو پرنٹ کرنے فوٹو سٹیٹ کرنے یا شائع کرنے کی اجازت نہیں ہے ورنہ قانونی کاروائی کی جائے گی۔

نام کتاب = کالے جادو کا قرآنی علاج

مرتبہ ومؤلف = خادم الفقراء محمد جاوید قادری

ناشر = مشتاق احمد

بااہتمام = خالد سلیمان

کمپوزنگ = محمد عاطف جاوید
ہجویری کمپوزرز اینڈ ڈیزائنرز

پروف ریڈنگ = حافظ برکت

پرنٹرز = اسلم عظمت پرنٹرز

قیمت = 160 روپے

نوٹ: کتاب ہذا میں اگر کوئی کمپوزنگ کی غلطی ہو تو ادارہ کو اطلاع فرما کر اپنا دینی فرض پورا کریں تا کہ اگلے ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہو سکے۔ شکریہ

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
1	حرف اوّل	7
2	سحر کیا ہے؟	13
	فن سحری	13
	حقیقت سحر	14
	سحر و جادو کے اثرات کی حقیقت	14
	علم سحر زمانہ قدیم میں	17
	علم نوری کا اجراء	19
	سحر کیسے کیا جاتا ہے؟	20
	خفیہ اسباب	20
	روحانیات	20
	عمل تسخیر قمر	22
	تسخیر جن و شیاطین	22
	تسخیر ارواح خبیثہ	22
	قوت واہمہ کی خرابی	22
	عجیب و غریب نظاروں کو دکھلانا	22
3	دور جدید میں ہونے والے سحر کی اقسام کی مختصر پہچان	23
	پہلی علامت	23
	دوسری علامت	23
	تیسری علامت	23

Scanned with CamScanner

	چوتھی علامت	24
	پانچویں علامت	24
	چھٹی علامت	24
	ساتویں علامت	24
	آٹھویں علامت	24
	نویں علامت	25
	دسویں علامت	25
	گیارھویں علامت	25
	بارھویں علامت	25
	تیرھویں علامت	26
	چودویں علامت	26
	پندرویں علامت	26
	سولھویں علامت	26
	سترویں علامت	26
	اٹھارویں علامت	26
	اُنیسویں علامت	27
	بیسویں علامت	27
	اکیسویں علامت	27
	بائیسویں علامت	27
	تئیسویں علامت	27
	چوبیسویں علامت	28
	پچیسویں علامت	28

	چھبیسویں علامت	28
	ستائیسویں علامت	28
	اٹھائیسویں علامت	28
4	اقسام سحر امام رازی رحمتہ اللہ علیہ کی نظر میں	29
	علم البروج والنجوم والفلکیات	29
	کالا جادو	29
	سحر سفلی	29
	سحر نظر بندی	30
	سحر برق نظری	30
	دماغی قوتوں کو بلند کرنا	30
	سحر اللسان	30
	سحر الحسد اور نظر بد	31
	سحر الخناس	31
5	سحر بروئے قرآن پاک	32
	علم نافع اور علم مضر میں تقابلیت	36
	عقل انسان اور سحر	37
	علم سحر اور علم الٰہی میں فرق مبین	37
	سحر سے بچنے کی تلقین کیوں؟	33
	سحر کیسی علوم	38
	فیصلہ الٰہی	39
	سحر بروئے شریعت	40
6	سحر اور فرمان رسول اللہ ﷺ	41

Scanned with CamScanner

	سحر کی تصدیق مبین از قرآن پاک	42
7	پیمانہ اعمال	43
	عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر	45
8	کالا جادو	46
	عام تکالیف کا علاج	47
9	سخت اعمال سحر کا توڑ	77
10	لاعلاج اور مہلک کالے جادو کا توڑ	98
11	سحر البندش رزق	115
12	سحری بندش ملازمت	139
13	سحر بندش نکاح وشادی	151
14	سحری نامردی	162
15	سحری بندش کوکھ عورت	172
16	سحر شب فرج (باہمی صحبت)	186
17	سحر بندش حیض	195
18	سحر استحاضہ (کثرت حیض)	203
19	سحر المسان	211
20	سحر الآسیب	226
21	سحر الجنات (جناتی اثر)	237
22	گھروں میں جنات کی جانب سے اینٹ روڑے وغیرہ پھینکنا	256
23	چڑیل۔ڈائن	279
24	گھروں میں خون کے چھینٹے پڑنا	281

حرف اوّل

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ جَعَلَ الدُّعَآءِ وَذَرِيْعَةً لِوَصُوْلِ الدَّاعِيْنَ اِلٰى غَايَةِ مَرَاتِبِ الْمَرَامِ وَصَيَّرَ الْاٰيَاتِ وَالْمُنَاجَاتِ مِفْتَحاً السَّعَادَاتِ بِيَدِ الْاَنَامِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى تَرْجُمَانِ الْوَحْيِ وَمُبَيِّنِ اَسْمَآءِ الْعَظَامِ مُفَسِّرُ وَ مُنَزِّلِ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ وَرَحْمَةٌ مِنْ بَيْنِ الْاَنْبِيَآءِ الْفَخَامِ الْمُصْطَفٰى وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

”سب تعریفیں اللہ تعالیٰ عزوجل کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے اور جس کے ہاتھ میں ہی اہل ایمان کی عاقبت ہے اور سب تعریفیں اللہ عزوجل ہی کے لئے ہیں جس نے جہالت کی وادی کے

گم کردہ راہ لوگوں کی ہدایت کے لئے طریقہ ہائے ادعیہ اور دیگر تمام عبادات کو جو سعادتوں کے حصول کا ذریعہ ہیں مقرر فرمایا اور حضور رسول کریم ﷺ کو جو ترجمان وحی اور اسمائے عظام الٰہیہ کے برکات و قرآن مجید کے مفسر اور منازل کے بیان کرنے والے ہیں اور قرآن پاک جو کہ شفاء الٰہیہ ہے اور جو تمام انبیاء علیہ السلام کے مابین فخر المصطفیٰ کے باعث رحمت ہیں تمام درود و سلام حضور رسول کریم ﷺ اور اصحاب رسول ﷺ پر۔ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے رحم فرما!

بعدہٗ درود و سلام شروع کرتا ہوں نام ذات ربانی واحد یکتا سے جو اپنی تمام مخلوقات کے لئے رحمان و رحیم، علیم و خبیر، شافی و کافی، تمام امراض الخبیثہ والسحر اور ذریعہ نجات و باء بلا و کل کائنات ہے جو ہمیشہ سے موجود ہے اور ہمیشہ کے لئے قائم و دائم رہنے والا ہے جو ہر شکل و صورت سے منزہ اپنے حسن و کمال میں بے مثال، حجابات قدرت سے پردہ اٹھانے والا ہر شے کا تخلیق کار اور ہر شے میں بلا امتیاز موجود، ہر حاضر و غائب سے مکمل آگاہی رکھنے والا، ہر شے کو اپنی حکمت و قدرت و ارادہ سے نوازنے والا اور پھر وعدہ روز اول قالو بلیٰ کے تحت انسانوں کی اپنی مانگی ہوئی آزمائش میں مبتلا ہونے والے تمام انسانوں کو معاف کرنے والا اور پھر انہیں بیماریوں، دکھوں اور تکالیف سے ہمہ وقت نجات کاملہ عطا کرنے والا، انسان کے گناہوں سے چشم پوشی فرماتے ہوئے اس کی جانب دوبارہ رجوع کرنے پر اپنی لازوال رحمتوں اور برکتوں سے دوبارہ نوازنے والا، مشکلات و مصائب اور خود ساختہ و سحری تکالیف سے نکلنے کے اسباب کی توجیہات پیش کر کے اپنی حکمت کے خزانوں سے دائمی رہبری و رہنمائی فرمانے والا اور تمام تکالیف جسمانی و روحانی و سحری و سفلی کے اندر غرق سمندر میں سے اس طرح بچانے والا جس طرح ڈوبتے کو تنکے کا سہارا دیا جاتا ہے۔

ہر دور میں انسان کی رہنمائی کے لئے ہدایت ازلی و ابدی سے روشناس کروانے

والا اور اپنی کتاب شفاء و ہدایت و حکمت قرآن پاک کے ذریعہ اپنی تمام حکمت و رضا سے اور ذریعہ نجات دلانے والی تمام ادعیہ، وظائف اور دیگر تمام علوم دنیا و دینوی سے آگاہی بخشنے والا اور اپنے پیارے حبیب حضور رسول کریم ﷺ کے ذریعہ ہر راز کائنات اور حکمت شفاء و ہدایت کا عملی پہلو نازل فرمانے والا ہے تاکہ اس کی مخلوق راہ حق سے ہٹ کر خود اختیار کردہ گمراہی و ضلالتوں، سحر و جادو، خبیث الخباثین والخباثات، حاسدین والحاسدات، جسمانی و روحانی بیماریوں وغیرہ سے دوبارہ شفاء یابی پا کر پھر سے اپنی بے ہنگام اور بے لگام زندگی کو صراط مستقیم پر گامزن کر کے دائمی انعامات الٰہیہ کا امیدوار اور حقدار بن سکے اور روز محشر کو سرخروئی حاصل کر کے سعادت دارین حاصل کر سکے۔

واضح ارشاد ربانی قرآن پاک میں ہوتا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

(سورۂ اسراء:۸۲)

’’ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں جو سراسر شفاء و رحمت ہے
ایمان والوں کے لئے۔‘‘

جبکہ فرمان رسول اللہ ﷺ ہے کہ:

’’قرآن پاک سب سے اچھی دوا ہے۔‘‘

(سنن ابن ماجہ عن حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم)

اللہ تعالیٰ عزوجل نے موت و حیات، ہر بیماری و تکلیف، دکھ اور پریشانی کے پیچھے جو اسباب و علل پوشیدہ ہیں ان کو اپنے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ کے ذریعہ قولی و عملی طور پر بیان فرمایا اور ان اسباب و علل پر قابو پانے کے طریقے بھی بیان فرمائے تاکہ بندگان خدا ان سب بیماریوں، سحری و سفلی خباثتوں، مخلوق ناریہ کی تباہ کاریوں اور دیگر تمام علت ہائے امراض سے بخوبی تمیز و آزما ہو کر کتاب الٰہی میں بیان کردہ نسخوں کے ذریعہ شفاء کاملہ عاجلہ پا سکیں۔

ان قرآنی نسخوں کے صحیح ترین استعمال سے ہمیں ہمارے آقا حضور رسول کریم ﷺ نے اپنے عمل سے اور پھر اپنے اصحاب رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ذریعہ واضح انداز میں عملاً جاری فرمایا جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت جو بخاری و مسلم میں بیان ہوئی ہے سے واضح ہوتا ہے کے مطابق:

جب ہم میں سے کوئی بیمار ہوتا تو حضور نبی کریم ﷺ مریض پر اپنا دست مبارک پھیرتے اور دُعا فرماتے۔

اے اللہ عزوجل! بیماری کو دور فرما دے اور مریض کو شفائے کامل بخش دے بے شک! شفاء بخشنے والی تیری ہی ذات مبارکہ ہے تو ہی شفا بخشنے والا ہے اور تیرے سوا کسی سے شفاء نہیں مل سکتی۔ اے اللہ عزوجل! ایسی شفا دے کہ بیماری کا نام ونشان نہ رہے۔

اس کے علاوہ آپ ﷺ معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) پڑھ کر دم کر دیتے۔

آج کا دورِ جدید چونکہ لالچ، قساوت قلبی اور پیروی ابلیس لعین کا دور ہے اور آج ہر فرد بڑے بڑے دعوے دار عاملین کے لمبے چوڑے اشتہارات اور ترغیبات بعید از عقل و فہم اور قدرے افسوس کے ساتھ کہ جو تو بہ نعوذ باللہ من ذالک شریک الٰہی کے دعوے دار ہیں کے چنگل میں پھنس کر اپنی دولت، صحت کی مزید بربادی کے علاوہ گمراہی و ضلالت کے اندھے کنوؤں میں گرا ہوا ہے اور راہ حق سے کوسوں دور چلا گیا ہے۔

آج کے دور میں ہر معمولی سے معمولی مصیبت و ابتلا اور بیماری کو جادو بالخصوص کالے جادو اور مخلوقات ناری و جنات و بھوت پریت سے منسلک کر کے ان نام نہاد عاملین کے پیچھے اپنی عقل و فہم پر دبیز پردے چڑھا کر بھاگا جاتا ہے اور بعد میں اپنی ابتری پر مزید ماتم گساری کی جاتی ہے اور پھر تو بہ نعوذ باللہ ذات ربانی یکتا پر کفریہ الزام دھرا جاتا ہے کہ اس نے ہمارے مقدر میں یہی کچھ تحریر کر دیا ہے اپنے آپ کو مزید گمراہی و ضلالت کے گڑھوں میں گراتا ہے اور دعوت عذاب الٰہی کو پکارتا ہے۔

خدارا اس کفریہ ضلالت کے اندھیروں سے باہر نکلیئے۔ اللہ عزوجل کی طرف

سے ودیعت کردہ عقل و شعور کو اپنے کام میں لایئے اور پھر غور و فکر کے ذریعے اس کی عطا کردہ کتاب شفاء قرآن پاک سے بخوبی استفادہ کر کے شفائے کاملہ وعاجلہ اس بارگاہ شافی وکافی سے حاصل کریں۔

بے شک کالا جادو (اعمال ناری وسفلیہ) شیطانی اعمال سے ہے اور یہ انسانی انا کی وجہ سے بروئے کار آتا ہے اور انسان کو راہ حق سے نہ صرف بھٹکاتا ہے بلکہ گونا گوں مصیبتوں اور پریشانیوں میں مبتلا کرتا ہے سے نجات کے لئے آج کا انسان جگہ جگہ دھکے کھاتا پھرتا ہے اور اس سے نجات پانے کی بجائے ان نام نہاد عاملین کے داؤ پیچوں میں مزید پھنس کر اپنی بربادی کا سامان کرتا پھرتا ہے اور بربادی کے سوا اسے کچھ حاصل نہیں ہو رہا۔

ایسے میں ایک ایسی کتاب کی ضرورت عرصہ دراز سے محسوس کی جا رہی تھی جس میں ان تمام باتوں کا عملی و عقلی و قرآنی اور شفائیہ حل بھی موجود ہو اور ان تمام خرابیوں کے اسباب و علل کو بھی واضح کیا جا سکے تاکہ لوگ بجائے ان نام نہاد اشتہاری عاملین کے پیچھے بھاگنے کے بجائے بزرگان عظام اولیائے کبار اور صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے آزمودہ قرآنی نسخوں سے اپنا علاج خود فرما کر شفائے کاملہ عاجلہ بارگاہ رب ایزدی شافی و کافی سے پا سکیں۔

چونکہ قرآن پاک تمام جہانوں کی دواؤں کے مقابلے میں سب سے اعلیٰ اور فوری فائدہ پہنچانے والی بھرپور کتاب الشفاء وعلاج الدوا ہے اور اس میں ساحرین کے کئے گئے تمام علوم سفلیات کا بخوبی توڑ موجود ہے جس کی مثال بتمام روئے زمین وکائنات میں ملنا بے حد محال اور ناممکن ہے اسی لئے زیر نظر کتاب کی تشکیل کے لئے اسی کا سہارا لیا گیا ہے اور بزرگان عظام اور اولیائے کبار رحمہ اللہ علیہم اجمعین کے آزمودہ نسخوں کو جو فقیر کو ظاہراً اور باطناً مختلف ذرائع سے حاصل ہوئے ہیں استفادہ عوام کے لئے بالواضح اس کتاب میں پیش کیا جا رہا ہے یہ تمام اعمال بذاتہ فقیر کے آزمودہ ہیں اور اپنی نظیر آپ ہیں۔

قبل ازیں اس موضوع پر فقیر کی پہلے سے موجودہ ذیل کی کتب اپنی افادیت

Scanned with CamScanner

ہزاروں لوگوں پر ثابت کر چکی ہیں۔

۱۔ جادو' جنات' آسیب کا توڑ و علاج

۲۔ کالا جادو کا مستند روحانی علاج (حصہ اوّل)

۳۔ تحفہ فقیری

نیز مختلف سورۂ ہائے قرآنی سے جسمانی و روحانی بیماریوں کا علاج پر مشتمل کئی کتب۔

فقیر کی جانب سے ان تمام اعمال کے کرنے کی اجازت ہر عام وخاص کو دی جاتی ہے جہاں کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو فقیر سے اس سلسلہ میں رجوع کیا جا سکتا ہے۔

آخر میں اللہ رب العزت سے عاجزانہ اپیل و فریاد ہے کہ وہ اس کتاب سے استفادہ پانے والوں کو اپنے پیارے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے شفاء کاملہ وعاجلہ فرمائے اور راہ گمراہی سے بھٹکنے سے بچاتے ہوئے صراط مستقیم دکھلائے۔

فقیر کی عاجزانہ استدعا ہے کہ صحت یابی پانے پر اس کتاب کے مصنف' اس کے والدین اور اس کے بزرگان عظام کے علاوہ اس کتاب کے پبلشر کو بھی دُعائے خیر سے نوازیں۔ شکریہ

دُعا کا طالب

خادم الفقراء محمد جاوید قادری

سحر کیا ہے؟

لغت میں سحر سے مراد وہ امور مخفی ہیں۔ جو بظاہر نظر نہ آتے ہوں۔ لیکن حقیقت میں اپنا آپ منواتے ہوں اور انسان کو اس ارادے پر مجبور کر دیں کہ وہ ظاہری اسباب کی موجودگی کے بغیر بھی ان کی ماہیت پر ایمان لائے اور اپنے عقیدہ اصلی سے ہٹ کر اس کے سمندر میں غلطاں ہو کر اپنی تباہی کی راہ خود ڈھونڈے اور اس راہ پر چل کر اپنے تمام معاملات کو ساحر کی منشاء کے زیر اثر ڈھال کر مکمل تباہی کا نمونہ بن جائے۔

بروئے تفسیر کبیر از امام رازی:

"لفظ سحر سے مراد شریعت میں وہ امور ہیں جن کا سبب پوشیدہ ہو اور وہ اصل حقیقت کے خلاف انسانی عقل و سمجھ میں آنے لگے۔

فنِ سحری:۔

یہ ایک ایسا فن ہے۔ جس کو انسان اپنی تمام نا آسودہ خواہشات کی تکمیل کے لئے تمام جائز اور ناجائز ذرائع استعمال میں لائے۔ خواہ یہ ذرائع منشاء خداوندی کے تابع ہوں یا اس کے عین مخالف شیطان ابلیس کے تابع ہوں' خواہ انسانی نفس کی پیروی کرتے ہوں' خواہ دوسروں کی بربادی پر منتج ہوں۔ بہر حال یہ ایک ایسا فن ہے۔ جو جھوٹ پر مبنی ہوتا ہے اور قدرتی واقعات و حادثات پر پوری طرح اثر انداز ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

حقیقت سحر:۔

تمام علماء اہل سنت والجماعت اس بات پر بے حد اتفاق رکھتے ہیں کہ سحر ایک ایسی حقیقت ہے۔ جس کے اندر بے پناہ مضر اثرات موجود ہیں۔ اس کی وجہ شاید منشائے ایزدی سے منسلک ہے۔ جس نے اپنی قدرت کاملہ اور مصلحت خاص سے اس کو ان مضر اثرات سے نوازا ہے۔ جس طرح ادویات کے اندر بھی مضر اثرات موجود ہیں۔

بہر حال سحر ایک ایسی حقیقت ہے۔ جس کے اثرات انتہائی تیزی سے اثر کرتے ہیں۔ لیکن اس سے یہ مراد نہ لی جائے کہ:

"سحر بذات خود قدرت الٰہی سے بے نیاز ہو کر موثر بالذات ہے اور اگر کوئی ایسا سوچتا، سمجھتا ہے تو وہ صریحاً کفر میں مبتلا ہے اور گمراہ بالدّین الحق ہے۔"

سحر و جادو کے اثرات کی حقیقت:۔

عوام الناس کے اذہان میں یہ بات بیٹھ چکی ہے کہ:

"جادو اپنے اثرات کے اعتبار سے تباہی و بربادی کے سوا کوئی دوسرا فائدہ ہرگز ہرگز نہیں پہنچاتا۔" حالانکہ یہ نظریہ بالکل غلط ہے۔ کیونکہ یہ اس فن سے نابلد افراد کی ذہنی اپج کی اختراع ہے۔ جب کہ ایک محقق اس نظریہ کو بالکل ہی تسلیم نہیں کرتا۔

بقول سر دفتر علماء امام ہرمس اپنی مشہور زمانہ تصنیف طلسمات ہرمس میں فرماتے ہیں کہ:

"جادو و سحر دو صورتوں میں اثر انداز ہوتا ہے۔
پہلی صورت تباہی و بربادی اور نقصان کے حقائق پر مشتمل ہے۔
دوسری صورت تباہی و بربادی اور ہر قسم کے نقصان کے ازالہ و دفعیہ کے لئے مخصوص ہے۔"

بہر حال جادو محض نقصان پہنچانے کا نام ہی نہیں ہے۔ بلکہ اس کے ازالہ کا حل

بھی پیش کرتا ہے۔

یہ بحث زمانہ قدیم سے چلی آرہی ہے کہ اس فن میں کلمات و حروف کے زیر اثر موکلات و روحانیت کی قوتوں سے کسی عمل کو سرانجام دینا ہے۔ لیکن محض عمل کے اشکال و حروف کی عبارت کا کسی عمل کے لئے موثر ہونا پیچیدہ قسم کی حقیقت ہے۔ جس کا سمجھنا عام لوگوں کی بجائے خواص تک محدود ہے۔

بروئے شمائل والسحر از قاضی برہان الدین بربری:

"جس طرح کسی مغنیہ کا اس کی دلکش آواز میں گانا کانوں میں رس گھول دیتا ہے اور کسی تلخ اور بھدی آواز کے مالک شخص کی آواز بے چینی و اضطراب پیدا کر دیتی ہے یا جیسے قرآن پاک کی آیات مقدسہ کی تلاوت قلوب و اذہان میں سکون و راحت پیدا کرتی ہے۔ کیا ان آیات میں کوئی ایسی مختص قوتیں موجود ہوتی ہیں۔ جو فرحت و انبساط پیدا کرنے کا سبب بنتی ہیں یا حروف و کلمات کی قوتیں ہی موثر ثابت ہوتی ہیں۔ اس سلسلہ میں جو بھی کوئی فیصلہ کرے کر سکتا ہے۔

لیکن نرمی اور ترشی میں فرق واضح ہے۔ کوئل اور زاغ کی آواز میں فرق کو دور نہیں کیا جا سکتا۔ جس طرح یہ چیزیں انسانی طبیعت پر خوشگوار اثر رکھتی ہیں۔ بالکل اسی طرح سحر و جادو کی عبارت کے الفاظ و حروف کا اثر تسلیم کیا گیا ہے۔"

لوگوں کے جم غفیر میں اچانک یہ اعلان کر دینا کہ سانپ آ گیا ہے۔ مجمع کی پراگندگی اور پریشانی کا سبب بنتا ہے۔ ہر شخص کے ذہن میں سانپ کے خطرناک ہونے کا تصور۔ سے اپنی جان بچانے کی تدابیر کے لئے پریشانی کا پیدا ہو جانا قدرتی امر ہوتا ہے۔ ایسے ہی جادو اور سحر کا شک بھی پریشانی اور خوف کو پیدا کرتا ہے۔

چونکہ جادو خود بھی خطرناک اور پریشان کن حقیقت کا دوسرا نام ہے۔ اس لئے اس کا تصور عجیب پریشان کن ہوتا ہے اور اس بات کو جھٹلایا نہیں جا سکتا کہ نفع اور نقصان نیز خیر و شر کے ہر قسم کے عملیات کے لئے جادو اور سحر کا متذکرہ بالا دونوں صورتوں میں اثر انداز ہونا ثابت ہے۔

اس کی ایک مثال برائے تجربہ شمائل والسحر میں اس طرح بیان کی گئی ہے۔ تاکہ جادو سحر کے اثرات کا حقیقی اندازہ ہو سکے۔

"ہفتہ کے روز زوال ماہ قمری میں طلوع آفتاب کے بعد دو ساعت گزرنے پر جب مریخ کی ساعت آئے تو گھریلو جانوروں میں سے کسی جانور مرغی یا بطخ وغیرہ کو پکڑ کر ذیل کے کلمات وحروف کو کاغذ پر تحریر کر کے پانی سے دھو کر اس جانور کو پلا دے تو دیکھتے ہی دیکھتے دو یا تین روز کے اندر ہی جانور مذکور سخت قسم کا بیمار ہو کر مرنے کے قریب ہو جائے گا۔

الفاظ یہ ہیں:

فَقُوْسُ ' فَقُوْسُ ' قَوْفَوْسُ

اب اس قریب المرگ جانور کو ذبح کر دیں اور ذبح کرتے وقت جو خون حاصل ہو۔ اسے کسی برتن میں سنبھال رکھیں۔ جانور مذکور کے تمام جسم کو گڑھا کھود کر زمین میں دفن کر دیں اور مریخ وزحل کی ہی کسی منحوس ساعت میں اس جانور کے خون سے ان ہی الفاظ کو کاغذ پر تحریر کر کے جس بھی صحت مند اور توانا وتندرست آدمی کو پانی میں گھول کر کسی بھی طریقہ سے کھلا پلا دیں تو وہ ایسی پیچیدہ اور خطرناک قسم کی بیماریوں اور عوارضات میں مبتلا ہو جائے گا کہ کسی بھی قسم کا کوئی بھی روحانی وجسمانی علاج اس کے لئے کارگر ثابت نہ ہوگا۔ جب تک وہی عامل اس عمل کے معکوس عمل کی مدد سے خود اس کا علاج نہ کرے گا۔ کوئی بھی دوسرا عامل خواہ کسی قدر بھی عامل وحاذق کیوں نہ ہو۔ اس کے علاج پر قادر نہ ہو سکے گا اور وہ شخص اس عذاب میں مختلف بیماریوں کا شکار ہو کر بستر مرگ پر پڑا رہے گا۔

بقول صاحب شمائل طلسمات اس عمل کو "سیف الاعداء" کا نام دیا جاتا ہے اور اس سفلی عمل کی نسبت ساحر فرعون سامری کی طرف بیان کی گئی ہے۔ جو اس عمل کا پہلا عامل ہے اور اس کی کتاب "الایات" میں اس کی اجازت صرف اور صرف دشمن کو بیمار کر دینے کی حد تک محدود ہے۔ چنانچہ عامل جب دشمن کو چند روز تک مبتلائے مصائب وآلام ہوتے دیکھ لے تو فوراً اس کے علاج کی طرف توجہ دے۔ ورنہ اس کا دشمن یقینی طور پر ہلاک ہو جائے

گا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد ہی خود عامل بھی انتہائی خطرناک اور تکلیف دہ بیماریوں میں مبتلا ہو کر یقینی طور پر خود بھی جان بحق ہو جائے گا۔

ایسے سحر کا علاج بھی کتاب الایات میں اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ عامل متذکرۃ الصدر سحری الفاظ وحروف کے اول وآخر (مااورھیا) کے اضافہ کے ساتھ ترتیب دے اور مریض کے خون فصد سے تحریر کر کے آب باراں یا جاری پانی سے دھو کر اس کو پلائے تو بحکم خداوند کریم قریب المرگ مریض اس عمل کی خیر وبرکت سے صحیح و تندرست ہو جائے گا۔

الفاظ: مَافَقُوْسُ هَيَا مَا فَقُوْسُ هَيَا مَا قَوْفَوْسُ هَيَا

بمطابق کتاب الایات!

"سحر وجادو کے زیر اثر بیمار ہونے والے مریض کے دوبارہ علاج کے لئے اس عمل کو بجا لانے وقت عامل کے لئے ظاہری پاکیزگی عمل کے مکان کا پاک وصاف ہونا، خوشبویات کا جلانا اور عمل کو کسی سعید ساعت میں سرانجام دینا ضروری ہے۔"

علم سحر زمانہ قدیم میں:۔

حضرت انسان نے اپنے ورود کرہ ارض کے بعد سے ہی اپنی فطری صلاحیتوں کو آزمانا شروع کر دیا تھا اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس نے ہر دور میں مختلف علوم وفنون میں کافی ترقی کی ہے۔ لیکن جب وہ ارتقاء کی آخری منزلوں پر پہنچا اور اس نے انسانی حدود کو پار کرنا چاہا اور اللہ عزوجل کو بھلا کر خود خدا بن بیٹھا۔ اس کی سرکشی اور تمرد حد سے زیادہ بڑھ گیا تو قدرت نے "طوفان نوح" کے ذریعہ اسے ہلاک کر ڈالا بعد ازاں مختلف زمانوں میں جیسے جیسے وہ دوبارہ ترقی کی منازل طے کرتا ہوا آگے بڑھتا گیا اور جس دور میں بھی اس نے انسانی حدود پھلانگ کر خود کو خدا بنایا۔ فوراً ہی قہر الٰہی وارد کر آیا اور کہیں شدید آندھیوں، کہیں خوفناک زلزلوں، کہیں سمندری طوفانی موجوں اور کہیں کسی اور طریقے سے ان کو ہلاک کر دیا اور ان کے قصے کہانیاں، کتابوں یا قصص قرآنی میں ہی موجود رہ

Scanned with CamScanner

گئے۔اس بارے میں قرآن پاک میں واضح طور پر یہ بات بیان کی گئی ہے کہ

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ

(ترجمہ) آج بھی انسان ترقی کی انتہائی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔ایسے میں اگر اس نے اپنا اور اپنے اللہ عزوجل کے مقام کو نہ پہچانا اور ماضی کی جادوئی روش کو نہ چھوڑا اور اپنی زندگی میں الٰہی فرمان کے مطابق تبدیلیاں پیدا نہ کیں تو یہ بھی اپنی تمام تر ترقیات کے ساتھ فنا کے گھاٹ اتر جائے گا اور آئندہ آنے والی نسلیں اس کی داستانیں صرف کہانیوں میں ہی سن سکیں گی۔(۲۷انتباہ الٰہی ایک کتابچہ)

بہر حال زمانہ قدیم میں رومی' پارسی' یونانی' مصری' قبطی اقوام وغیرہ نے علم السحر میں بے شمار ترقیاں حاصل کیں۔کہ اللہ پناہ:

انہوں نے اپنے نظریات کے تحت جو اصول وقواعد اور اصول فن مرتب کئے۔ان میں سے بہت سے آج بھی رائج ہیں۔

زمانہ قدیم میں علم سحر میں کلدانیوں' سریانیوں اور قبطیوں کو بہ نسبتاً دوسری اقوام کے اس علم کے اندر درجہ کمالیت حاصل تھا۔جن سے بعد میں یونانیوں' مصریوں' پارسیوں' عربوں اور دیگر اقوام ہندوستان نے بخوبی استفادہ حاصل کیا۔

بحوالہ قرآن پاک اس بات کا بخوبی پتہ چلتا ہے کہ زمانہ قدیم میں علم السحر کافی عروج پر تھا۔بڑے بڑے ساحر جگہ جگہ موجود تھے۔جو اپنی فنکارانہ اور علمی صلاحیتوں کا بے پناہ مظاہرہ کر کے لوگوں کو مبہوت کر ڈالتے تھے۔جیسا کہ قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ سحر دربار فرعون سے واضح ہوتا ہے۔

جب ساحروں نے اپنی حدود انسانی کو پھلانگ کر خدائی حدود میں قدم رکھ لیا اور خود کو (توبہ نعوذ باللہ) اللہ عزوجل کا ہم پلہ قرار دینے پر تل گئے تو ایسے میں انقلابات زمانہ نے ان کی بیخ کنی کا فریضہ اس طرح انجام دیا کہ بے شمار ساحر قتل ہو گئے۔بے شمار کو سزائے موت کا مزا چکھنا پڑا اور ان کے علمی ذخائر السحر کو یا تو جلا کر خاک کر دیا گیا یا پھر دریا برد کر دیا

گیا۔تاہم کچھ نہ کچھ ضائع ہونے سے محفوظ رہ گیا اور بقول ابن خلدون مسلمانوں نے اس سے استفادہ کر کے پھر سے اس فن کو ترقی بخشی البتہ مسلمانوں نے علم السحر کے خالص جادوئی اعمال کو چھوڑ کر اس سے متعلقہ دیگر علوم جعفر' علم الاعداد' علم النجوم والبروج (فلکیات) اور دیگر علوم میں کمال حاصل کیا۔

علم نوری کا اجراء:۔

جب اسلام میں صوفیانہ دور شروع ہوتو صوفیاء نے حصول معرفت اور خرق عادت قوتیں حاصل کرنے کی کوششیں شروع کر دیں اور اس مقصد کے لئے سخت ترین ریاضتیں کیں۔نفسانی خواہشات کو ترک کر کے روحانی کمالات حاصل کئے اور شعور وحواس کے حجابات سے ماوراء ہو کر عجیب وغریب اور سریع الاثر طاقتیں حاصل کیں اور اس کے نتیجہ میں علم الحروف والاعداد کے اسرار ورموز سے بخوبی آگاہی پانے میں کامیاب ہوئے۔

حروف واعداد کے اسرار ورموز کے دریافت کرنے کی ان انتھک کوششوں نے ارواح فلکی اور طبائع کو بھی جو کہ مظاہر قدرت ہیں اور جن کے پیچھے اللہ عزوجل کی عظیم حکمتیں پوشیدہ ہیں کے ساتھ ساتھ اسرار حروف' اسمائے الٰہی اور حروف مقطعات کے ذریعہ عالم طبیعت میں تصرف کرنے میں کمال حاصل کیا اور اپنی روحانی قوتوں سے کام لے کر حروف کی ان پوشیدہ طاقتوں کا سراغ نکالا۔جو دراصل حروف کے باہمی امتزاج' عناصر اور اثرات فلکی سے مل کر عالم ارض میں افعالی اور انفعالی تصرف پیدا کرتی ہیں اور اس فن کو علم نوری کا نام دیا۔کیونکہ یہ علم ماضی وحال کے علم السحر الشیاطینی کے مقابلہ میں علم الٰہی کی عظیم قوتوں پر مشتمل تھا اور اس پر کروڑوں درجات کی فوقیت رکھتا تھا۔

صوفیاء کرام نے اپنی مسلسل جدوجہد سے نہ صرف اس کے قواعد وضوابط منضبط کئے بلکہ حروف واعداد کا باہمی امتزاج طے کر کے ثابت کیا کہ ان کا اتصال ایسے ہی ہے۔جیسے جسم وارواح کا اور اسی سے علاج بذریعہ علم نوری وتعویزات اور رد سحر منضبط کر کے عوام الناس کو ان اندھیروں اور مشکلات سے نکالنے کی سعی وکوشش کی اور اس طرح سحر وجادو

Scanned with CamScanner

کے ذریعہ پریشانیوں اور مشکلات' بیماریوں میں مبتلا ہزاروں افراد کو ان کی جملہ تکالیف سے بفضل ایزدی نجات دلائی۔

سحر کیسے کیا جاتا ہے؟

چونکہ اللہ عزوجل کے توسل کو چھوڑ کر خفیہ اسباب وعلل کے ذریعہ خلاف عادت افعال عجیب پر قدرت کا نام سحر ہے۔اس لئے اس کو کرنے کے دنیا میں مختلف الانواع و اقسام کے مروّجہ لاتعداد طریقے ہیں۔

خفیہ اسباب:۔

جن کے ذریعے امور خرق عادت ظہور میں آتے ہیں۔

روحانیات:۔

روحانیات میں روحانیات کواکب' افلاک اور عناصر کی جزئیات شامل ہیں۔

مثال کے طور پر:

''روحانیات امراض یا جنات وشیاطین یا وہ ارواح جو جسم سے الگ ہو چکی ہیں اور ان کو مسخر وتسخیر کر کے ان کو مختلف کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے یا تاثیرات جسمانیہ ہیں۔جو اپنی مخصوص تراکیب یا مختلف کبوقیات کے اجتماع یا صورت نوعیہ کے خواص کی بناء پر عمل میں آتی ہیں۔''

بہرحال عہد قدیم سے ہی دو طریقوں پر سحر کیا جاتا تھا۔

اول طریقہ کلدانیوں کا اور دوسرا طریقہ اہل بابل کا تھا۔

کلدانی اپنے طریقہ میں بے حد ماہر تھے اور ان کے جادو سحر کا توڑ بے حد مشکل ہوتا تھا۔انہوں نے نمرود کی بادشاہت اور خدائی کو قائم رکھنے کے لئے چھ بہترین طلسم سحر تیار کر کے بابل میں محفوظ کر رکھے تھے اور جہاں پر باہر سے آنے والا ان کے طلسم سے انگشت بدنداں رہ جاتا تھا۔

ان چھ طلسموں کی مختصر تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۔ تانبے کی سنہری بط جو بابل میں داخل ہونے والے کسی بھی چور اور جاسوس کے داخل ہوتے ہی خود بخود بولنا شروع کر دیتی تھی اور اس طرح اس کی نشاندہی با آسانی ہو جاتی تھی اور با آسانی اسے گرفتار کر لیا جاتا تھا۔

۲۔ عجیب وغریب نقارہ جو کسی کے گم شدہ یا چوری شدہ مال کی فوراً نشاندہی کر دیتا تھا۔

۳۔ عجیب وغریب حوض جس میں بوقت جشن ہر ایک اپنا من پسند مشروب ڈال دیتا تھا اور دوران جشن اسے جب بھی پیاس محسوس ہوتی تو وہ اس حوض سے اپنا من پسند مشروب حاصل کر کے پی لیتا تھا۔تمام مشروب حوض میں کبھی بھی آپس میں گڈمڈ نہ ہوتے تھے۔

۴۔ عجیب وغریب آئینہ جو غائب کا حال فوراً بتا دیتا تھا۔

۵۔ عجیب وغریب تالاب جو مختلف مسائل کا حل بتاتا تھا۔اس کے علاوہ دو دعویداروں کے درمیان تنازعہ کا فیصلہ اس طرح کرتا تھا۔کہ جھوٹا دعویدار اس میں غرق ہو جاتا تھا۔جبکہ حقدار کی ناف تک ہی پانی آتا تھا۔

۶۔ نمرود کے محل کے دروازہ پر لگایا گیا عجیب وغریب درخت' جس کا سایہ محل میں آنے والے انسانوں کی تعداد کے مطابق گھٹتا بڑھتا رہتا تھا۔

اور اس کی تمام تر بنیاد حالات ارواح پر مطلع ہونا اور اس عقیدے میں ذرا برابر بھی بدگمانی پیدا نہ ہونے دینا۔

اہل بابل کا طریقہ وہ طریقہ تھا۔جو انہیں ہاروت ماروت دو فرشتوں نے سکھایا تھا اور جس کو انہوں نے پروان چڑھایا تھا۔

اس جادو کی پانچ اقسام تھیں۔

Scanned with CamScanner

۱۔عمل تسخیر قمر:۔

ایک اچھا خاصا مشکل کام۔

۲۔تسخیر جن وشیاطین:۔

قدرے آسان عمل اور یہی عمل ہندو پاک میں بخوبی رائج ہے۔جس کے تحت بھوانی' ہنومان' کالی ماتا' بھیروں' لونا چماری اور مختلف دیوی دیوتاؤں کا عمل کیا جاتا ہے اور ان سے مختلف الاقسام کے کام لئے جاتے ہیں۔

۳۔تسخیر ارداح خبیثہ:۔

کلام شیاطین کے ذریعہ ان ارداح کو اپنے قابو میں کرنا اور ان سے کام لینا۔

۴۔قوت واہمہ کی خرابی:۔

اس کے لئے ارداح خبیثہ سے کام لیا جاتا ہے۔اس میں معمول کو سامنے کی شے نظر نہیں آتی۔بلکہ عجیب وغریب صورتیں نظر آتی ہیں۔

جس کی مثال فرعون کے دربار میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں جادوگراں نے رسی کے سانپوں کو پیش کیا تھا اور وہ دیکھنے میں حقیقی سانپ نظر آتے تھے۔

فرعون اس سحر کا سب سے بڑا ماہر تھا اور یہ سحر ''سحر سامری'' کہلاتا ہے۔

۵۔عجیب وغریب نظاروں کو دکھلانا:۔

عجیب وغریب نظاروں کو دکھلا کر راہ حق سے بھٹکانا اور گمراہی میں مبتلا رکھنا اس کے علاوہ اور بھی بے شمار اقسام بیان کی گئی ہیں۔

دور جدید میں ہونے والے سحر کی اقسام کی مختصر پہچان

ذیل میں وہ تمام علامات بیان کی جاتی ہیں۔جو کہ دور جدید میں کئے جانے والے تمام اقسام کے سحر سے متعلقہ ہیں۔

پہلی علامت:۔

دو میاں بیوی جو ایک دوسرے کو حد سے زیادہ چاہتے ہوں۔یکدم ان کے درمیان ایسا تنازعہ کھڑا ہو جاتا ہے۔کہ وہ ایک دوسرے کی شکل سے مکمل طور پر بیزار ہو کر ایک دوسرے کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

دوسری علامت:۔

شوہر کی محبت میں دیوانہ بیوی یکدم شوہر کی شکل دیکھ کر انتہائی غصے میں آگ بگولہ ہو جاتی ہے اور ہر دم لڑنے مرنے اور اس کو جان سے مار دینے پر تل جاتی ہے۔

تیسری علامت:۔

اچھی بھلی اپنے شوہر سے محبت کرنے والی بیوی کو اپنے شوہر کی شکل خنزیر' کتے اور نجانے کون کونسے جانور کی شکل میں نظر آتی ہے اور وہ چیخنے چلانے اور ڈرنا شروع کر دیتی

ہے۔اس کے بے اختیار آنسو نکل آتے ہیں۔

چوتھی علامت:۔

کسی بھی حسین اور خوبصورت لڑکی کے والدین اس کے لئے آنے والے رشتوں کو باوصف ہر لحاظ سے مناسب ہونے کے انکار کر دیتے ہیں اور ایسا مسلسل کرتے رہتے ہیں۔جس سے اس لڑکی کا رشتہ نہیں ہو پاتا۔

پانچویں علامت:۔

لڑکیوں کے رشتے صرف اس وجہ سے آنے بند ہو جاتے ہیں کہ لوگ ان کی شکل دیکھ کر انہیں منحوس قرار دے دیتے ہیں اور اس کا ذکر آنے پر نفرت بھری نگاہ ڈال کر منہ پھیر لیتے ہیں اور اس کے سائے سے بھی بچنے کی کوشش کرتے ہیں۔

چھٹی علامت:۔

اچھا بھلا سمجھدار مرد جو اپنی بیوی پر جان چھڑکتا ہے۔اچانک اس سے نفرت اور بغض کرنے لگتا ہے اور سمجھانے والے کو بھی دشمن خیال کرتا ہے۔

ساتویں علامت:۔

ایسا سحر جو دودھ دینے والے جانوروں یعنی بھیڑ، بکری، گائے اور بھینس وغیرہ پر کیا جاتا ہے یا ان کی گزرگاہ کے راہ میں ڈال دیا جاتا ہے۔جس سے گزرتے ہی ان جانوروں کا دودھ سوکھ جاتا ہے۔حاملہ جانور کا بچہ یا تو اس کے پیٹ میں مرجاتا ہے یا پھر پیدا ہی مردہ ہوتا ہے۔اس جانور کا دودھ جو انسان یا اس جانور کا بچہ پی لے۔شدید بیمار ہو کر آہستہ آہستہ موت کے منہ میں چلا جاتا ہے۔

آٹھویں علامت:۔

ایسا سحر جو تمام گھاس چرنے والے جانوروں پر کیا جاتا ہے۔جس سے ان

جانوروں کے جوڑوں میں شدید درد ہونے لگتا ہے اور جانور بظاہر اپاہج ہو جاتا ہے۔اس کے علاوہ جانور گھاس کھانا چھوڑ دیتا ہے اور رفتہ رفتہ موت کی وادی میں گہری نیند سو جاتا ہے۔

نویں علامت:۔

یہ سحر دودھ دینے والے جانوروں اور زچہ ماؤں پر کیا جاتا ہے۔اس معاملے میں جانور یا انسان کی کوئی تخصیص نہیں ہے۔اس سے یا تو عورت اور جانور کو اسقاط ہو جاتا ہے یا پھر پیٹ میں ہی ہونے والا بچہ مرجاتا ہے۔جس سے ماں کی زندگی کو شدید خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔

دسویں علامت:۔

ایسا سحر جو نومولود اور شیر خوار بچوں پر کیا جاتا ہے۔جس سے بچے سوکھ کر مرجاتے ہیں۔جس کو ام الصبیان یا سوکھے کی بیماری کا نام دیا جاتا ہے۔

گیارھویں علامت:۔

بذریعہ سحر طالع سنبلہ میں بروز منگل یا جمعہ ساعت عطارد میں ایک پتلا بنا کر کسی عورت کی گزرگاہ میں ڈال دیتے ہیں اور جب وہ عورت اس پتلے سے گزرتی ہے تو پھر ایسی عورت کے ہاں صرف لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں۔نرینہ اولاد بیٹا کبھی بھی نہیں ہوتا اور ایسے والدین بیٹے کی آس میں زندگی گھٹ گھٹ کر گزارتے ہیں۔لیکن ان کی آرزو کہیں سے بھی بر نہیں آتی۔

بارھویں علامت:۔

ایسا سحر جس سے مرد کی جنسی بندش کر کے اسے نامرد بنا دیا جاتا ہے اور باوصف علاج معالجہ کے وہ ہم بستری کے لائق نہیں رہتا۔

Scanned with CamScanner

تیرھویں علامت:۔

ایسا سحر جس سے مرد کے جوڑوں میں درد پیدا کر دیا جاتا ہے اور وہ باوصف علاج معالجہ کے تندرست ہونے کا نام نہیں لیتا اور اس طرح اپنی زندگی سے بیزار اور نالاں ہو جاتا ہے۔

چودھویں علامت:۔

ایسا سحر جس سے نوبیاہتا دلہن کی جنسی بندش کر دی جاتی ہے اور وہ اپنے شوہر یا کسی بھی مرد سے ہم بستری کرنے میں شدید نفرت اور بیزاری کا اظہار کرتی ہے اور کسی بھی صورت اس فعل کے لئے راضی نہیں ہو پاتی۔

پندرھویں علامت:۔

ایسا سحر جس سے عورت کے پیٹ اور سر میں پانی بے تحاشا بڑھ جائے اور باوصف ہر قسم کے علاج معالجہ کے مرض کم ہونے کی بجائے بڑھتا ہی چلا جائے۔

سولھویں علامت:۔

اس سحر کی بدولت عورت کی تمام تر شکل وصورت بھیانک ہونے لگتی ہے اور دوسرے اس کو دیکھ کر اس کو چڑیل ڈائن اور نجانے کون کونسے خطابات سے نوازنا شروع کر دیتے ہیں۔باوصف علاج معالجہ کے وہ اپنے چہرے کے بدلتے ہوئے نقوش کو قابو نہیں کر پاتی۔

سترھویں علامت:۔

بذریعہ سحر عورت کی کوکھ باندھ دی جاتی ہے۔جس سے وہ بانجھ پن کا شکار ہو جاتی ہے۔حالانکہ اسے ماہواری وغیرہ درست آتی ہے۔ڈاکٹری رپورٹس بھی درست ہوتی ہیں۔لیکن باوصف انتہائی خواہش کے وہ کبھی بھی حاملہ نہیں ہو پاتی۔

اٹھارھویں علامت:۔

بذریعہ سحر بندش رزق کر دیا جاتا ہے۔جس سے سحر زدہ فرد مالی لحاظ سے تباہ و

برباد ہو جاتا ہے۔اسے آئے دن نقصانات کا سامنا بلا کسی جائز وجہ کے ہوتا رہتا ہے اور اس کی عقل اس معاملے میں مکمل طور پر ماؤف ہو جاتی ہے۔

انیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر اچھے بھلے راضی خوشی رہنے والے اور محبت بھرے جوڑے کے درمیان نفرت اور پھوٹ ڈلوا دی جاتی ہے اور جس کا دل ماسوائے طلاق یا خلع کے کچھ بھی نہیں نکلتا اور یوں ایک ہنستا بستا گھر برباد ہو جاتا ہے۔

بیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر کسی اچھے بھلے گھرانے کو اجاڑ اور ویران کر دیا جاتا ہے۔اس گھر سے تمام خیر و برکت اڑ جاتی ہے۔محبت اور الفت سرے سے مفقود ہو جاتی ہے۔ہر فرد ایک دوسرے کا جانی دشمن بن جاتا ہے اور رات دن ان کے درمیان بلاوجہ معمولی معمولی باتوں پر معرکہ آرائی ہوتی رہتی ہے۔

اکیسویں علامت:۔

بذریعہ لاعلاج مرض میں عورت یا مرد کو مبتلا کرنا اور ان کو تڑپا تڑپا کر مرنے پر مجبور کر دیا جاتا ہے۔

بائیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر مطلوبہ دشمن مرد یا عورت کو ذلت وخواری کا چلتا پھرتا نمونہ بنا دینا۔جس سے ان کا اعتبار ہر ایک سے اٹھ جاتا ہے اور ہر فرد بلاوجہ ان سے نفرت کھانے لگتا ہے۔

تیئسویں علامت:۔

بذریعہ سحر کسی بھی ملازم پیشہ آفیسر یا عہدے دار کی اس کے عہدہ سے متنزلی کروانا یا ذلیل کروا کر اس عہدہ سے معطل کروا کر اس کو ذلت وگاہی کے سمندر میں غوطہ زن رہنے پر

Scanned with CamScanner

مجبور کر دینا۔

چوبیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر دولت مند کو فقیر و کنگال کروا دینا۔

پچیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر ایک عورت کو طلاق دلوانا اور پھر اس کے ہر نکاح کے بعد مسلسل طلاق کا سلسلہ جاری رہنا اور وہ عورت کسی بھی مرد کے ساتھ ہنسی خوشی نبھا نہیں کر پاتی۔

چھبیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر کسی بھی حکومتی یا کمپنی عہدیدار کو در بدر کروانا اور ایک شہر سے دوسرے شہر مسلسل اس کے تبادلے کرواتے رہنا۔ تاکہ وہ کسی ایک جگہ بھی سکون، امن اور چین سے کام نہ کر سکے اور ہمہ وقت بدسکونی کا شکار رہے۔

ستائیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر ایک نیک حسین و جمیل عورت کو راہ راست سے بھٹکا کر بدی کی راہ پر مامور کرنا اور ایسی دلدل میں پھنسوانا جہاں سے ہزارہا جتنوں کے باوصف وہ نہ نکل سکے اور دنیا کی نظروں میں ذلیل و خوار ہو کر رہ جائے۔

اٹھائیسویں علامت:۔

بذریعہ سحر کسی مکان کو اجاڑنا اور وہاں کسی کا بھی رہنا محال کر دینا جس سے انسان معاشی بدحالی کا شکار بن جاتا ہے اور پھر لاکھ جتنوں کے بھی وہ بلندی کی طرف نہیں آپاتا۔

اقسام سحر امام رازیؒ کی نظر میں

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب عیون السحر میں سحر کی ذیل کی اقسام کو حقیقی اور موثر اقسام قرار دیا ہے۔ جبکہ بقیہ تمام اقسام کو ان کی شاخوں سے منطبق کیا ہے۔

۱۔علم البروج والنجوم والفلکیات:۔

جس میں سیارگان، ستارگان کے ذریعہ انسانی زندگی پر پیدا ہونے والے مقناطیسی اثرات کو اپنی منشاء اور مرضی کے مطابق ڈھال کر اُن سے مختلف قسم کے کام لینا۔ اس میں ستاروں کی نحوست اور سعد کا خصوصی خیال کیا جاتا ہے اور انہی کے اندر انسان کو فائدہ اور نقصان پہنچانے کا کام لیا جاتا ہے۔

۲۔کالا جادو:۔

اس کے ذریعہ مختلف قسم کے شکوک، اوہام اور کئی قسم کی اشیاء کے استعمال سے لوگوں کو مختلف قسم کی بیماریوں اور تکالیف میں مبتلا کرنا۔

۳۔سحر سفلی:۔

اس میں مختلف قسم کے جنتروں، منتروں کے ذریعہ گھٹیا اور خبیث ارواح شیطانیہ اور ان کے ذریات اور جناتی مخلوق کو تابع فرمان کر کے ان کے ذریعے لوگوں کو تکالیف اور ایذا رسانی پہنچانا۔

Scanned with CamScanner

۴۔ سحر نظر بندی:۔

اس میں عموماً کسی بھی شخص کو بذریعہ استعمال آنکھ اپنا محکوم بنا کر اس سے مختلف غلط کام کروانا اور اسے مبتلائے مصیبت کرنا ہے۔ دور جدید میں اس علم کو مسمریزم کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

۵۔ سحر برق نظری:۔

اس سحر میں اپنی آنکھوں کو دوسرے کی آنکھوں میں ڈال کر یہاں تک مجبور کرنا کہ وہ ساحر کی محکومی کا جوا گلے میں ڈال کر اس کی ناآسودہ خواہشات کی تکمیل اور اپنی بربادی کا سامان پیدا کرے۔

دور جدید میں اس علم کو علم ہپناٹزم سے موسوم کیا جاتا ہے۔

۶۔ دماغی قوتوں کو بلند کرنا:۔

بہت زیادہ محنت اور ریاضت سے اپنی دماغی قوتوں کو اس قدر بلند کرنا کہ اپنے خیالات کو دوسرے کے دماغ میں منتقل کر کے اپنی ناآسودہ خواہشات کی مکمل تکمیل کرنا۔

دور حاضر میں اس علم کو علم ٹیلی پیتھی سے موسوم کیا جاتا ہے۔

۷۔ سحر المسان:۔

ایسا سحر جس میں مختلف ادویات کے زہروں اور مختلف طریقوں سے انسانی لاشوں کی راکھ سے کام لینا اور انہیں کھلا کر لوگوں کو شدید مشکلات اور بیماریوں میں مبتلا کرنا۔

۸۔ سحر الحسد اور نظر بد:۔

جس میں کسی بھی انسان کو مختلف النوع طریقوں سے مفلوج الذہن بنانا اور اپنا الو سیدھا کرنا' اس میں نفرت بھرا پراپیگنڈہ' چغل خوری جیسی عادات بھی شامل ہیں۔

۹۔ سحر الخناس:۔

اس کے ذریعہ کسی بھی انسان کو مختلف قسم کی مصیبتوں اور پریشانیوں' بیماریوں اور اذیتوں میں مبتلا کرنا اور اس کے لئے دیو' بھوت' پریت' جنات' چڑیل' ڈائن اور مختلف النوع شیطانی قوتوں کو بروئے کار لانا۔ جیسے ہنومان' کالی ماتا' درگا داس وغیرہ وغیرہ۔

Scanned with CamScanner

سحر بروئے قرآن پاک

سحر کے بارے میں قرآن پاک میں متعدد جگہ آیات قرآنی کے ذریعہ وضاحت کی گئی ہے۔ اس لئے کہ سحر ایک علم الٰہی سے ہے اور اس کے وجود کی اصل ماہیّت اللہ تعالیٰ عزوجل کی حکمت و رضا کے تحت ہے۔

چونکہ انسان کو اللہ تعالیٰ عزوجل نے آلہ عقل و ادراک اور فہم و تدبر بھی عطا کیا ہے جس کے تحت انسان طلسماتی و نورانی مخلوقات سے خیر و شر کو کھینچتا رہتا ہے۔ اسی کے تحت انسان کی آزمائش اور حجت کے لئے علم القرآن حضور نبی کریم ﷺ کے ذریعہ نازل کیا گیا ہے تاکہ وہ اس علم نورانی کو عالم کے استحکام اور استواری نیز نظام انسانیت کی پائیداری کے لئے اللہ تعالیٰ عزوجل کے مصلحانہ و حکیمانہ طریق پر استعمال لاتے ہوئے اس سے غلبہ و اقتدار و تمکین فی الارض حاصل کر سکے اور اپنے ارادہ قدرت کے تحت نیک و بد میں امتیازی راہ نکال کر دنیا و عقبیٰ میں اصل مقصود الٰہی کو پا سکے۔

مقابلتہً انسان جو کہ فطرتاً اسیر حرص و ہوا اور عاجز و لاچار ہے اس کو اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنی قدرت و قوت کی بھول بھلیاں دکھلانے اور انسان کی آزمائش کرنے کے لیے اپنے معتوب فرشتوں ہاروت و ماروت کے ذریعہ اسیر علم سحر بھی اتارا اور اس کی اعانت و استمداد کے لئے اور اس علم پر کمال حاصل کرنے کے لئے انسان کو نظم کائنات میں اعانت جنات و شیاطین اور ارواح علوی و سفلی جیسے غیر مقصود کمال اور نامحمود تصرف سے بھی نوازا تاکہ انسان اس سے نوری اور سفلی علم کا باقاعدہ موازنہ کر کے علم الٰہی کی حکمت و اضافہ

منشائے ایزدی کے تحت کرہ ارض پر نیابت الٰہی کا حق واثق ادا کر سکے۔ جیسا کہ قرآن پاک میں آیت سحر سے مکمل طور پر واضح ہوتا ہے۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَاَلْقِ مَا فِىْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

اب اگر اس آیت بالا کے حقیقی معانی و مفہوم پر ٹھنڈے دماغ اور صحیح تدبر و فکر کے ساتھ غور کیا جائے تو یہ حقیقت بلا کسی جھجک اور تردد و پس و پیش کے واضح طور پر منکشف ہوتی ہے کہ ہاروت و ماروت کا کام بہ منشائے ایزدی انسان کو کفر و شرک اور وہم و شکوک کی ان گنجلک راہوں سے روشناس کروایا جا سکے جس کے تحت وہ راہ حق سے بھٹک نہ سکے اور اسے شیطان الرجیم کی چالوں گھاتوں اور ان کے ذریعہ انسان کے درمیان پھوٹ اور حسد و بغض و کینہ جیسے برے افعال سے اپنے آپ کو بچا کر برائی کا سدباب برائی سے کر سکے اور اپنے نوری علم کی ان گنت پنہائیوں میں غوطہ زن ہو کر ہر ظلم و ستم اور شر کی قوتوں سے بچتا ہوا اللہ تعالیٰ عزوجل تک رسائی حاصل کر سکے اور صحیح سچے موتی علم الٰہی سے باقاعدہ روشناس ہو کر کمال نبوت تک جا پہنچے نیز اس پر یہ بات بھی واضح ہو سکے کہ راہ حق میں پیش آنے والی ان تمام آزمائشوں پر پورا اترنا ضروری ہے جن کا اقرار وہ روز اول کو قالو بلیٰ کے ذریعہ کر چکا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ عزوجل کو دیئے گئے اختیار و توسل پر پورا اتر سکے اور پوری طرح انسان کامل کا نمونہ بن سکے۔ یہی وجہ ہے کہ ہاروت ماروت اس علم السحر کو سکھلاتے وقت واضح طور پر اس بات کا اعلان کر رہے ہیں کہ ہم تو ذریعہ آزمائش ہیں لیکن خبردار تم اس کی دلدلوں میں پھنس کر کہیں راہ کفر اختیار کرتے ہوئے اصل مقصود الٰہی نیابت الٰہی کرہ ارض پر پورا اتر نہ سکو۔

مگر افسوس انسان نے ان کی اس نصیحت پر دھیان دینے کی بجائے غیر الٰہی راہ اختیار کی اور اس سے عجیب و غریب ہوشربا کرشمے اپنے ہی ابنائے جنس کو دکھلا کر اس علم کی

باطلانہ خوش نمائیوں کے جال میں پھانس کر گمراہ کر دیا اور مسلسل گمراہ کرنے میں مصروف عمل ہے اس طرح اپنے روز اول کے وعدہ قالو بلیٰ سے باغی ہوتے ہوئے بظاہر وحدیت کے چکر میں شرک میں جتلا ہو کر اپنے ایمان کی اصل سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے۔

گو کہ دونوں فرشتے اس بات سے حد یقینی تک بخوبی آگاہ تھے کہ اس راہ سے انسان اپنے عجز و بزرگی کے کمال سے بہت جلد ہاتھ دھو کر اس کی ظاہری خوشنمائیوں کے جال میں پھنس جائے گا اور اس کے اتارے جانے کی اصل ماہیت اور راز الٰہی تک نہ پہنچ پائے گا۔

اگرچہ اس علم کے ذریعہ حضرت انسان و جنات اس درجہ خوارق عادات و تصرفات میں جتلا ہو جاتے ہیں جس سے فتنہ وفساد پھوٹ پڑتا ہے اور عذاب الٰہی کا راہ کھل جاتا ہے اگرچہ ہاروت و ماروت نے اپنی طرف سے انسان کو آزمائش سے بچنے کی بار بار تلقین کی اور بطور نمونہ اپنی آزمائش کا بار بار اظہار بھی کیا لیکن انسان نے ان کی نصیحت کو درخور اعتناء نہ جانا اور ان کے سر ہی ہو گیا کہ وہ اس کو اس علم کی تمام تر خفتہ و بیدار قوتوں اور ماہیت سے آگاہ کر کے اسے بلندی وقوت وغلبہ واقتدار حاصل کرا سکیں اس لئے مجبوراً انہیں مدبر عالم کی مصلحت كَلًّا نَمُدُّهَا وَلَا مَنُ عَطَا رَبِّکَ کی اجازت کے پیش نظر اس علم کو سکھلانا پڑا اور حضرت انسان نے بھی آنکھیں بند کر کے جنات وشیاطین کی پیروی کو اپنا جزو ایمان بنا لیا اور اس دار العمل میں لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی کے قاعدہ وقانون کے مطابق اپنے قول وفعل کا خود ہی ضامن ٹھہرا۔

ایک طرف انسان ان فرشتوں سے عہد و پیان کرتا کہ وہ اس علم کو ظلم و بربریت کی بجائے صراط المستقیم کی اصل راہ پانے میں صرف کرے گا تو دوسری طرف خود ہی اس عہد کی دھجیاں اڑاتے ہوئے وہ اس علم کو فتنہ وفساد پھیلانے اور بربریت کا مظاہرہ کرنے میں صرف کرنے لگا۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ عزوجل نے حضرت انسان کو اپنا مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ ہونے کا اظہار کیا ہے اور انسان کو راغب کیا ہے کہ اگر تم سچی توبہ کر لو تو میں تمہیں اس کے

باوصف بھی معاف کر دوں گا اور تمہارے عہد کو سچا جان کر تمہارے گناہوں کی تمام تر سیاہی تمہارے ماتھوں سے دھو ڈالوں گا۔

اللہ تعالیٰ عزوجل نے یہ کہیں نہیں فرمایا کہ میں تمہیں اب ہی معاف کروں گا بلکہ فرمایا کہ میں دائمی توبہ قبول کرنے والا ہوں اس لئے تمہارے بار بار توبہ کرنے پر تمہیں بار بار معاف کرتا رہوں گا۔

گو کہ ہاروت و ماروت کا کام ہی یہ تھا کہ انسان کو اس علم کے نفع وضرر سے بخوبی آگاہ کریں اور واضح انداز میں فرما دیں کہ یہ راستہ انسانوں کے چلنے کا نہیں ہے بلکہ جنات و شیاطین کا ہے جو کہ مغضوب الٰہی اور والضالین کے زمرے میں آتے ہیں اس سے بچے رہیں اگر تم اس طرح جبر و اصرار سے کام لیتے ہوئے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے پر تلے ہوئے ہو تو تم خود اپنے فعل کے ذمہ دار ہو تم جانو اور تمہارا کام! ہم تو ان تمام باتوں سے صریحاً بری الذمہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ عزوجل نے انسان کی اصل ہدایت کے لئے اپنے رسول ان میں بھیجے تا کہ وہ نیکی و بدی کا راستہ جدا جدا کر کے دکھلائیں اور اس کو ازلی ہدایت الٰہی سے بخوبی آگاہ کریں لیکن انسان کو اللہ تعالیٰ عزوجل نے مختار کل فی ذاتہ نفس بنایا ہے اس لئے ان دونوں میں سے کسی ایک راہ کو اپنانا صرف اسی کا اپنا فعل ہے اور اگر وہ راہ بد اختیار کرتا ہے اور ذلالتوں کی پنہائیوں میں غرق ہونا پسند کرتا ہے تو یہ بات اب اس کے اپنے اوپر منحصر ہے اور اس کا روز محشر کو جواب دہ بھی وہ خود ہی ہے یہی وہ بات تھی جو ہاروت و ماروت اس سحر کو سکھلاتے وقت انسان کو بار بار سمجھاتے تھے اور اپنی برئت کا اعلان کرتے اور حضرت انسان سے منواتے تھے اور اسی بات کو اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنی اس آیت مبارکہ میں مکمل طور پر واضح کیا ہے۔

چونکہ سحر کے اندر اللہ تعالیٰ عزوجل نے کچھ قوتیں پنہاں رکھی ہیں اور ہاروت و ماروت کے ذریعہ ان کو حضرت انسان پر واضح کیا گیا ہے اور اس سے مقصود الٰہی صرف یہ ہے کہ انسان آیا ان کو اپنا مقصود وحیات مان کر ملاء اعلیٰ میں نادان کہلواتا ہے یا اس کو مضر جان

کر اپنے کو یگانہ فرزانہ کہلواتا ہے۔

علم نافع اور علم مضر میں تقابلیت :۔

اللہ تعالیٰ عزوجل نے اس عالم میں الفاظ وحروف کے سانچوں میں دو قسم کے علم پیدا کیے ہیں اس میں سے ایک علم نافع ہے جس سے عالم کی فلاح و بہبود وابستہ ہے اور وہ صرف کلام الٰہی ہے جو اس نے اپنے پیارے حبیب' آقائے عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ رسول آخر ﷺ کے ذریعے نازل فرمایا اور سمجھایا ہے۔

جبکہ دوسرا علم اس نے ہاروت وماروت کے ذریعہ نازل فرمایا تاکہ انسان شیطان بننے کی بجائے اس آزمائش سے بخوبی گزر کر منصب اعلیٰ نیابت الٰہی کرہ ارض کا محور ومرکز بن جائے۔

علم نافع کا مخزن ذات ربانی واحدہٗ لاشریک ہے جبکہ علم الضر کا مخزن مجسم گمراہیت ابلیس لعین شیطان ہے۔ یہ دونوں علم عالم کے اعتبار سے بعینہٖ وہی مثال رکھتے ہیں جیسے کسی مہ جبیں کی کتاب بشریت پر خط جوانی باعث زیب وزینت ہوتا ہے اور عالم الفاظ وحروف کی یہ دونوں الہامی ترکیبیں بعینہٖ وہی شکل رکھتی ہیں جیسے عالم شہادت میں دن اور رات۔

علم سحر کبھی انجذاب شیطینیت کا سبب بن کر اس کے لئے ہلاکت وضلالت کا موجب بنتا ہے اور کبھی اجتناب وپرہیزگاری کا بہانہ بن کر رحمت الٰہی کے کھینچنے کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے کہ:

عَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ

لیکن مجموعہ عالم کے لحاظ سے رات کی طرح علم سحر بھی سراسر رحمت الٰہی ہی ہے۔

عقل انسانی اور سحر :۔

اللہ تعالیٰ عزوجل نے جنات وشیاطین اور کواکب وسیارگان وسیادات نفس ناطقہ کو خاص قوت وقدرت عطا کر رکھی ہے جبکہ انسان کو ان سب سے بلند مقام دیتے ہوئے ہر معاملے میں عقل کا ترازو عطا کیا ہے تاکہ وہ اس کے ذریعے ہر بات کا پورا پورا تول کر کے اصل حقیقت اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ کا پابند بن سکے۔

لیکن انسان نے اللہ تعالیٰ عزوجل کی عطا کردہ اس عقل پر پردہ ظلمات تان کر بجائے اللہ تعالیٰ عزوجل سے مدد وقوت مانگنے کے اس کی روحانی ومخفی مخلوقات کی جبہ سائی شروع کر دی اور ان اسماء کو غیر اللہ سے توسل اور غیر المغضوب علیہم کی اعانت سے ارواح و اجسام انسانی پر اس قسم کی قوت وقدرت حاصل کر لی اور تاثیرات وتصرفات اجسام میں ایسا ملکہ اور دسترس حاصل کر لی کہ چاہے تو اس علم کی بدولت حسب مشیت باری تعالیٰ ایک تندرست روح کو بیمار کر دے اور چاہے تو بواسطہ سیارہ مریخ ''اقتلوا یا مریخ'' کہہ کر کسی روح کو اس قفس عنصری سے آزاد کرا دے۔

ساحر کو شیطان النفس اور مشرک اس لئے قرار دیا جاتا ہے کہ اس نے اللہ تعالیٰ عزوجل کی اجازت وعلم سے بجائے حاجت روائی کرنے کے اس کی مخلوق کی معمولی سی قوت وقدرت پر صرف نظر کی اور اپنی حاصل شدہ طاقت وقدرت پر اناولاغیری کا پرچم لہرایا علم سحر کی قوتوں کو جو شخص حاصل کرتا ہے اس سے اسی قسم کا شرک پیدا ہوتا ہے اسی لئے اسے شرک اور شیطان فی النفس کا درجہ عظیم عطا کیا گیا ہے یہی وجہ ہے کہ اسلام میں سحر سیکھنے کی ممانعت کی گئی ہے بے شک اسلام بھی کائنات میں روحانی قدرت وقوت حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے لیکن اس حد تک نہیں کہ وہ مشرک بن کر خود خدا ہونے کا دعویٰ کر سکے۔

علم سحر اور علم الٰہی میں فرق مبین :۔

علم الٰہی براہ راست اللہ عزوجل سے توسل سکھلاتا ہے اور اسی کو نافع وضار بتلاتا

Scanned with CamScanner

ہے اور یہ علم اس کی بعض طاقتور مخلوق کی تعظیم وتکریم سکھلا کر انہی کو خالق کے زیر مرتبہ میں سنبھالتا ہے۔ جبکہ علم سحر یقین وتوکل سے انسان کو ہٹا کر اپنی قوت وارادہ اور طاقت کی محکومی سکھلاتا ہے اور اس طرح اسے مشترک کے درجہ میں پہنچاتا ہے۔

سحر سے بچنے کی تلقین کیوں؟

جیسے عالم ظاہر میں مخلوق کی تاثیرات کو موثر حقیقی سمجھ لینے کا نام شرک ہے۔ ایسے ہی عالم باطن کی تاثیرات اور ان کی قوت وقدرت سے اعانت طلب کرنے کا نام سحر ہے۔

اسی لئے حدیث مبارک میں جہاں شرک سے بچنے کی ممانعت فرمائی گئی ہے۔ وہاں سحر سے بھی اجتناب کا حکم دیا گیا ہے۔

چونکہ ظاہری مخلوق میں جو کچھ بھی قدرت وقوت ہے۔ وہ اسی ذات بیچگون کی عطا کردہ ہے اور مسبب حقیقی کو چھوڑ کر اسباب مخفی ہی پر ایمان کو منحصر کر دینا کفر وشرک ہے۔ اسی طرح اس کی علوی ومخفی مخلوق میں جو کچھ قوت وطاقت ہے۔ وہ اسی کا فیض ہے۔ پس ان مخفی طاقتوں پر بھی ایمان کو منحصر کر دینا شرک اور نتیجہ علم فتنہ ہے۔

سحر کیسی علم:۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ سحر سے بھی افعال عجیب وآثار ناروا کا صدور ہوتا ہے۔ جبکہ معجزہ مقابلتہً خرق عادت افعال ناروا واحوال محیر العقول کا ظہور ہے۔ لیکن ان دونوں میں جو واضح فرق موجود ہے کہ سحر میں کسب واحتساب کو دخل ہوتا ہے۔ اسی لئے علم سحر کی حیثیت ایک فن کی سی ہے۔ جبکہ معجزہ کسی بھی فن سے تعلق نہیں رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سحر معجزہ کے مقابلے میں ہمیشہ شکست سے دوچار ہوتا رہتا ہے۔

علم سحر چونکہ علم الضار کہلاتا ہے۔ اس لئے یہ علم انسان کو فلاح وبہبود سے کبھی بھی ہمکنار نہیں کرسکتا۔

علم سحر اور معجزہ میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ علم سحر اوقات کی تعین اور محلات مخصوص

کے ماتحت ہوتا ہے۔ جبکہ معجزہ ان تمام قباحتوں سے پاک ہوتا ہے اور عین ضرورت کے وقت صاحب معجزہ پر القاء ہو کر اس کے ہاتھوں ظہور پذیر ہوتا ہے۔ علم سحر میں ایک منتر کا توڑ دوسرے منتر سے کیا جاتا ہے۔ جبکہ معجزہ اس بات کا قطعی محتاج نہیں ہوتا۔ بلکہ حکم الٰہی کے تابع ہوتا ہے۔ اسی لئے سحر کی دال معجزہ کے آگے نہیں گلتی۔

فیصلہ الٰہی:۔

اللہ عزوجل نے اپنے پیارے جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے اپنی تمام مخلوقات انسان کو ہدایت ازلی اور سحر کے مقابلے میں انتہائی طاقتور اور قوت بخش کلام نازل فرمایا اور اس کے ذریعہ سحر کے تمام تار پور بکھیڑ دیے اور اس طرح اس علم کی حقیقت وماہیت سے مکمل آگاہی بخشی۔

چونکہ علم سحر کی تمام تر تاثیرات حروف واعداد اور الفاظات کی مرہون منت ہیں اور ان الفاظات وحروف کے پیچھے چھپی ہوئی قوتوں جن کو موکلات کا نام دیا جاتا ہے سے کام لیا جاتا ہے اور انہی کے ذریعے کواکب، سیارات وارواح سفلیہ کی مدد حاصل کی جاتی ہے اور اس طرح انسان کے اندر فرعونیت کا غرور پیدا ہو کر اسے زمرہ انسانیت سے خارج کر دیتا ہے۔

اسی لئے مقابلتہً اللہ عزوجل نے اپنا کلام ابدی نازل فرما کر اس کی کاٹ کی مہر انہیں الفاظات وحروف کی شکل میں لگا دیے اور اس کلام کی نورانیت کے مقابلے میں ظلمات کے آفتاب وماہتاب بھی ماند پڑ گئے اور ساحرین کے تمام مکروفریب کے عالیشان محل گر گئے۔ جس سے ساحر لوگ بھی حیران وششدر رہ گئے اور ان کے کلام کا تمام تر سحر ہوا میں یوں بکھر گیا۔ جیسے خاک کے ذرے اڑتے ہیں۔

اللہ عزوجل نے ذیل کی آیت مبارکہ کے ذریعے دنیا بھر کے تمام تر ساحروں اور ساحرات کی زبانوں پر مہر الٰہی لگا دی اور وہ بالکل بے بس ہو کر رہ گئے۔ فرمان الٰہی ہوتا ہے کہ:

Scanned with CamScanner

"اگر اس قرآن معجز نما میں بھی تم کو مثل انبیائے سابقین کے معجزات میں کوئی شک وشبہ ہے تو تم سب مل کر ہی قرآن جیسی ایک سورت یا ایک آیت بنا لاؤ۔ جو بندش و ترکیب الفاظ وحروف قرآنی میں باہمی ربط وارتباط کی طرح قائم ہو اور اس کے اندر معانی میں انوار ورموز پنہاں ہو اور ان کی تاثیرات کا یہ عالم ہو کہ زمین وآسمان کی تعمیر ان سے وابستہ ہو۔"

سحر بروئے شریعت:۔

فقہائے اسلام نے سحر کو علوم شیاطین، ارواح خبیثہ اور جنات کی کارستانی کے علم سے موسوم کیا ہے اور ان کو غیر حقیقی معنوں میں انسان اپنی کم عقلی کی وجہ سے حاجت روا جاننے لگتا ہے۔ حالانکہ یہ سب گناہ کبیرہ اور شرک الٰہی کے زمرے میں آتے ہیں۔ اس سے انسان اپنے اشرف المخلوقات ہونے کی حیثیت اور مرتبہ کھو کر محرم الٰہی بن جاتا ہے۔

سحر اور فرمان رسول اللہ ﷺ

حضور رسول کریم ﷺ نے وقتاً فوقتاً سحر کے بارے میں جو فرمان جاری کئے ہیں ان کی مختصراً تفصیل حسب ذیل ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ فرمان رسول اللہ ﷺ ہے کہ۔

"جس نے ستاروں کا علم سیکھا گویا اس نے سحر کا ایک حصہ سیکھ لیا پھر وہ ستاروں کے علم میں جس قدر آگے بڑھتا جائے گا اتنا ہی سحر کے علم میں اضافہ ہوگا۔

☆ بروائت حضرت عمر بن ابن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

"وہ شخص ہم میں سے نہیں جس نے خود فال نکالی یا کسی کے لئے فال نکالنے کا کام کیا اور جس نے غیب کا علم جاننے کا دعویٰ کیا اور جس نے سحر کیا یا کسی کے لئے سحر کروایا اور جو شخص نجومی کے پاس گیا یا جو کچھ وہ کہتا ہے اس نے اس کی تصدیق کی تو اس نے اللہ تعالیٰ عزوجل کے نبی کی شریعت سے کفر کیا۔"

☆ بروائت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

"وہ شخص جنت میں داخل نہ ہوگا جو سحر پر یقین رکھنے والا ہوگا۔"

☆ بروائت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مسعود:

"جو شخص علم غیب کا دعویٰ کرنے والے کے پاس یا ساحر کے پاس یا نجومی کے پاس مجھ سے اور اس سے کچھ پوچھا اور پھر اس نے جو کچھ کہا اس نے اس کی تصدیق کر دی تو

Scanned with CamScanner

اس نے اللہ تعالیٰ عزوجل کے رسول پر اتارے گئے دین سے کفر کیا اور اس کے لئے جنت میں داخلہ نہ ہوگا۔"

☆ مہلک باتوں سے بچو یعنی سحر اور شرک سے:

سحر کی تصدیق مبین از قرآن پاک:۔

سحر کے بارے میں قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے کہ:۔

۱:۔ يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ (سورہ یونس)

وہ لوگوں کو سحر سکھاتے تھے۔

۲:۔ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ (سورہ فلق)

اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں۔

۳:۔ سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ (سورہ الاعراف)

لوگوں کی آنکھوں پر سحر کر دیا۔

۴:۔ وَجَآءَ السِّحْرُ عَظِيْمٌ (سورہ الاعراف)

اور وہ عظیم جادو لے کر آئے۔

۵:۔ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ (سورہ الاعراف)

اس کی حقیقت کچھ بھی نہیں یہ تو سحر کا تماشا ہے۔

۶:۔ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ

اور وہ کسی کو سحر کے ذریعہ نقصان نہیں پہنچا سکتے سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہو۔

پیمانہ اعمال

